کووڈ-19 و یکسین

حقائق جانیں۔

ویکسین لگوانے کے بعد محفوظ رہیں۔
اپنی کمیونٹی کو محفوظ رکھیں۔

2 ہفتے

آپ کے آخری شاٹ کے دو ہفتے کے بعد ویکسین کے ذریعہ دی جانے والی ساری حفاظت حاصل ہوتی ہے۔

کووڈ-19 سے محفوظ رہنے کے لیے، اپنی کووڈ-19 ویکسین کے ساتھ اپ ٹو ڈیٹ رہنا ضروری ہے، جس میں جب آپ اہل ہوں تو بوسٹر شاٹس لینا بھی شامل ہے۔

ویکسین لگوانے کے بعد محفوظ رہیں

ویکسین لگوانے کے بعد بھی، جاری رکھیں:

- ماسک پہنیں۔
- سماجی دوری کی مشق کریں۔
- بہت سے لوگوں کے ساتھ اکٹھا ہونے سے گریز کریں۔
- اپنے ہاتھوں کو کثرت سے دھوئیں۔
- زیادہ ملنے جلنے والی جگہوں کو جراثیم سے پاک کریں۔

اگرچہ آپ مکمل طور پر ویکسین شدہ ہیں، پھر بھی فوراً کووڈ-19 کا ٹیسٹ کروائیں اگر:

آپ کووڈ-19 والے کسی فرد کے آس پاس رہے ہیں **اور آپ بیمار محسوس کرنے لگیں۔** نیز گھر پر رہیں اور دوسروں سے دور رہیں۔

آپ **بہت سے لوگوں کے ساتھ رہتے ہوں اور کووڈ-19 والے کسی فرد کے آس پاس رہے ہوں۔ اگرچہ آپ بیمار محسوس نہیں کرتے ہوں، پھر بھی ٹیسٹ کروائیں.** نیز گھر پر رہیں اور دوسروں سے دور رہیں۔

NRC-RIM
National Resource Center for Refugees, Immigrants, and Migrants

مزید معلومات کے لیے: cdc.gov/coronavirus

17 Aug 2022